دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

وقف کے استعمال میں تبدیلی - 27 /Jun/ 2022

سوال: مسجد کا زیریں طبقہ (بیسمنٹ) جو وقف کے لحاظ سے مسجد کا حکم رکھتا ہے، گودام (اسٹور روم) میں تبدیل ہوگیا ہے اور مسجد کے متولیوں کا ارادہ ہے کہ اس کے ایک حصے کو ورزش اور کھیل کے ہال اور اسی طرح ثقافتی امور کی کلاسوں کی جگہ میں تبدیل کردیں، کیا مذکورہ عمل شرعی طور پر اشکال رکھتا ہے؟

جواب: کلی طور پر مسجد کو کھیلوں کے ہال میں تبدیل کرنا جائز نہیں ہے، تاہم مسجد سے منافات نہ رکھنے والی ثقافتی سرگرمیاں انجام دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔